رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالمیہ سال اول　　پرچہ: دوسرا　　مضمون: الحدیث الشریف (مؤطین)

تاریخ: 13-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: عورتوں کے مسجد میں جانے کے بارے میں حضور ﷺ کا کیا فرمان ہے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: موطا امام مالک کی روشنی میں نزول وحی کے طریقے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: سجدہ تلاوت کن اوقات میں کرنے سے منع کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 4: "لایعتکف احد فوق ظهر المسجد ولا فی المنار یعنی الصومعة" عبارت پر اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 5: حضرت عبداللہ بن عمر نے سکھائے ہوئے کتے کے بارے میں کیا حکم فرمایا؟

سوال نمبر 6: کتنے مال میں وصیت کرنا درست ہے؟

سوال نمبر 7: کلالہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: خواب کو نبوت کا کتنا حصہ قرار دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 9: جنت کے دروازے کس کس دن کھولے جاتے ہیں؟

سوال نمبر 10: مؤطا امام مالک کی روشنی میں مسکین کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 11: نماز عصر کو عصر کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: نماز عصر کو جلدی ادا کرنے پر کوئی ایک حدیث تحریر کیجئے

سوال نمبر 13: صلوۃ الخوف ادا کرنے کا طریقہ موطا امام محمد کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: مرد کا کفن سنت اور کفن ضرورت بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 15: جنازے کو دیکھ کر کھڑے ہونے کے بارے میں احناف کا موقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: نماز جنازہ کے لئے تیمّم کرنا کس صورت میں جائز ہے؟

سوال نمبر 17: کنز کی تعریف عربی میں کیجئے۔

سوال نمبر 18: بیع مزابنہ اور بیع محاقلہ کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 19: حیوان کی گوشت کے بدلے میں بیع کرنے کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: پھلوں اور کھیتی میں بیع سلم کے ناجائز ہونے کی صورت بیان کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: امام مالک کے نزدیک شوہر کو عورت کے مال سے اور عورت کو شوہر کے مال سے کس صورت میں کتنا حصہ ملے گا؟

سوال نمبر 2: فضائل مدینہ پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حج کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں، ان کی تعریفات نیز ان میں سے افضل حج کونسا ہے؟ اختلاف ائمہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: حالت احرام میں نکاح کا حکم بیان کیجئے نیز ائمہ کرام کا اختلاف مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: کن کن چیزوں سے جانور کو ذبح کرنا مکروہ ہے؟ اختلاف ائمہ بیان کیجئے۔